Text of Urdu News

25-07-2026

12:30 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینمشاہد حسین

من کی بات

وزیراعظم نریندرمودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام من کی بات میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 130واں نشریہ ہوگا۔

پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک پر براہ راست نشر ہوگانشریہ کو اے آر موبائیل ایپ پر بھی سنا جاسکے گا۔ AIR نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن

ہندی نشریہ کے فوراً بعد آکاشوانی سے اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشرکیاجائے گا۔

NTA

نے امتحانی عمل میں شفافیت لانے کیلئے ایک اصلاحی قدم کے طور NTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی 47اہلکاروں کو برطرف کیاہے۔ ان میں سے کچھ اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ مرکزی کابینہ نے پیپر لیک معاملات اور امتحانی عمل میں لاپرواہی کی صورت میں قصوروواروں کو سخت سزا دلانے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالت قائم کرنے کے مسودے کو منظوری دی ہے۔

وزیراعلیٰ فلم

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ کشمیر میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف فلم انڈسٹری اور جموں کشمیر کے درمیان نئی شراکت داری کا آغاز ہوگا-IFFJK جموں کشمیر

کے انعقاد سے پہلے منعقدہ تقریب میں ان خیالات کا اظہار IFFJK وزیراعلیٰ نے کل سرینگر میں کیا۔ انہوں نے کہاکہ فلم فیسٹول منعقد کرنے سے وادی کے باصلاحیت نوجوان فنکارونکیلئے مواقعے پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار فلم سازوں کیلئے موزون پالیسی ترتیب دینے پر سنجیدگی سے کام کرہی ہے۔

سی ایم ملاقات

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے رابطہ دفتر میں عوامی نمائندوں اور مختلف وفود سے ملاقات کرکے ترقیاتی اور عوامی بہبود سے متعلق مسائل سنے۔

ا رکان اسمبلی آغاسید منتظر مہدی،وجے کمار اور راجیو کمار سمیت دیگر کئی وفود اور شخصیات نے مختلف نوعیت کے معاملات وزیرعلیٰ کی نوٹس میں لائے ۔ بعد مینوزیراعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ ان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر بروقت ازالہ کیاجائے گا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 6روز کی معطلی کے بعد آج دوبارہ بحال ہوگئی ۔آج صبح 11بجے تک مزید2ہزار256 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے ۔

ادھر آج صبح جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 6ہزار269یاتریوں پر مشتمل 18واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔

واضح رہے خراب موسم،شدید بارش اور جموں-سرینگر قومی شاہراہ بند رہنے کے باعث یاترا19جولائی کو عارضی طور پر روک دی گئی تھی۔

ہیلتھ کمیٹی

جموں کشمیر سرکار نے جموں اینڈ کشمیر مینٹل ہیلتھ اتھارٹی کیلئے ضابطوں کے تحت تقرریاں عمل میں لانے کے لئے سلیکشن کمیٹی تشکیل دی ہے۔

ایک سرکاری حکمنامے کے مطابق محکمہ صحت وطبی تعلیم کے کمشنر سیکریٹری اس کمیٹی کے چیئرپرسن ہونگے۔ ڈائریکٹر نیشنل ہیلتھ مشن جے اینڈ ، گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور جمونکے شعبہ نفسیات کے سربراہان کمیٹی کے ممبران ہونگے۔کمیٹی کواس حوالے سے موصول ہوئے تمام درخواستوں کا جائزہ لینے کا کام تفویض کیاگیا ہے۔

JKEDI

JKEDIکے زیر اہتمام جموں کشمیرکا دو روزہ سب سے بڑا ایس کے آئی سی سی سرینگر میں اختتام پذیرہوا -ASCEND J&K-2026 سٹارٹ اپ ایکو سسٹم سمٹ

اجلاس میں 20سٹارٹ اپس نے14سرمایہ کاروں کے سامنے اپنے کاروباری منصوبے پیش کئے، جن میں 7کو مزید جائزہ کے لئے منتخب کیاگیا۔ 2سٹارٹ اپس کو سرمایہ کاری کی یقینی حاصل ہوئی جبکہ سرینگر کی ایکو بڈی کو75لاکھ سے ایک کروڑروپے تک کی سرمایہ کاری کی پیش کش کی گئی۔

سمٹ کا مقصد مقامی سٹارٹ اپس کو سرمایہ کاری اور کاروباری مواقعوں سے جوڑنا تھا۔

انڈس فوڈ

گجرات کے شہر احمد آباد میں کل سے انڈس فوڈ احمد آباد2026فیسٹول کا آغاز ہوا۔ تین روزہ اس فوڈ فیسٹول میں جمونکشمیر ٹریڈ پرموشن آرگنائزیشن یوٹی کے انڈسٹریز اینڈ کامرس محکمہ کی سرپرستی میں شرکت کررہی ہے۔ جمونکشمیرسے تعلق رکھنے والے مختلف صنعتکاروں، باغ

مالکان اور کسانوں نے جموں کشمیرمیں تیار کردہ مختلف مصنوعات کو نمائش کیلئے رکھا ہے۔
اس فیسٹول کا اہتمام ٹریڈ پرموشن کونسل آف انڈیانے کیا ۔

پالیسی

جموں کشمیر سرکار نئی ایکو ٹورازم پالیسی مرتب کررہی ہے جسے آئندہ6ماہ کے اندر حتمی شکل دے کر نافذ کئے جانے کی توقع ہے۔ محکمہ سیاحت کے مطابق پالیسی کا مقصد قدرتی وسائل کا تحفظ ، ماحول کے لحاظ سے حساس علاقوں میں پائیدار سیاحت کو فروغ دینا اور مقامی آبادی کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنا ہے۔ پالیسی کو متعلقہ محکموں ، ماحولیاتی ماہرین ، مقامی آبادی اور سیاحتی شعبے سے وابستہ شراکت داروں کی مشاورت سے حتمی شکل دی جائے گی۔

ایشین گیمز

ایشین گیمز کے دفاعی چمپئن بھارت اور پاکستان کے مردوں اور خواتین کرکٹ ٹیموں کو براہ راست کوارٹر فائنلز میں جگہ ملی ہے۔ اس سال کے ایشین گیمز مقابلے جاپان میں منعقد ہورہے ہیں۔

ان کھیلوں میں خواتین کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ مقابلے 17ستمبر سے 22ستمبر تک اور مردوں کے مقابلے 24ستمبر سے یکم اکتو بر تک منعقد ہونگے۔

بھارتی مینز کرکٹ ٹیم کی قیادت شریس ائرکریں گے جبکہ وومنز کرکٹ ٹیم کی کپٹن ہرمن پریت کور ہونگی۔

ادھر بھارت اور زمباے کے درمیان3 ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا دوسرا مقابلہ آج ہرارے میں کھیلا جائے گا۔ سیریز میں بھارت ایک صفر سے سبقت بنائے ہوئے ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ